# نماز کے علاوہ دعا مانگنے کا حکم

دارالافتاء اھلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا نماز کے علاوہ بھی دعا مانگ سکتے ہیں ؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

دعا ایک عبادت ہے، لہٰذا نماز کے بعد ہو یا نماز کے علاوہ، بہر صورت دعا مانگی جا سکتی ہے، قرآن و حدیث میں دعا مانگنے کے بہت سے فضائل بیان ہوئے ہیں، نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود بھی کثرت کے ساتھ دعا کیا کرتے تھے اور اپنی امّت کو بھی بکثرت دعا کی ترغیب ارشاد فرمائی ہے۔

**دعا کا حکم دیتے ہوئے** اللہ پاک نے ارشاد فرمایا :

﴿وَ قَالَ رَبُّکُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَکُمْ﴾

ترجمہ کنزالعرفان : اور تمہارے رب نے فرمایا : مجھ سے دعا کرو میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔" (القرآن، پارہ 24، سورۃ المؤمن، آیت 60)

مذکورہ بالا آیتِ مبارکہ کے تحت تفسیر صراط الجنان میں ہے "امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں : یہ بات ضروری طور پر معلوم ہے کہ قیامت کے دن انسان کو اللہ تعالیٰ کی عبادت سے ہی نفع پہنچے گا اس لئے اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہونا انتہائی اہم کام ہے اور چونکہ عبادات کی اَقسام میں دعا ایک بہترین قسم ہے، اس لئے یہاں بندوں کو دعا مانگنے کا حکم ارشاد فرمایا گیا۔۔۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا مانگنی چاہیئے، کثیر اَحادیث میں بھی دعا مانگنے کی ترغیب دی گئی ہے، یہاں ان میں سے دو احادیث ملاحظہ ہو :

(1)... حضرت عبداللہ بن عمر رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْہُمَا سے روایت ہے، حضورِ اَقدس صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا : دعا ان مصیبتوں میں نفع دیتی ہے جو نازل ہو گئیں اور جو ابھی نازل نہیں ہوئیں، ان میں بھی فائدہ دیتی ہے، تو اے لوگو! تم پر لازم ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرو۔

(2)... حضرت ابو ہریرہ رَضِیَ اللہ تَعَالٰی عَنْہُ سے روایت ہے، رسولِ کریم صَلَّی اللہ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی اللہ تعالیٰ سے سوال نہ کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر غضب فرماتا ہے۔ (صراط الجنان فی تفسیر القرآن، جلد8، صفحہ579، 580، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب: مولانا محمد فراز عطاری مدنی**

**فتوی نمبر: WAT-4217**

**تاریخ اجراء: 17 ربیع الاول 1447ھ/11 ستمبر 2025ء**

---


Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com | daruliftaahlesunnat | DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat | feedback@daruliftaahlesunnat.net